نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان میں آم کی پیداوار اور برآمدات میں اضافہ کیلئے مشاورتی سیشن کا انعقاد

وزیراعلیٰ پنجاب نے آم کی کوالٹی، پیداوار اور ایکسپورٹ میں اضافہ کے لیے 70 کروڑ روپے کے منصوبہ کی منظوری دی ہے۔افتخار علی سہو

لاہور، 10 اگست 2025: محکمہ زراعت کے تحت آم کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کے لیے مشاورتی سیشن منعقد ہوا جس کی صدارت سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کی۔اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے آم کی کوالٹی، پیداوار اور ایکسپورٹ میں اضافہ کے لیے 70 کروڑ روپے کے منصوبہ کی منظوری دی ہے۔اجلاس میں آم کی کوالٹی اور پیداوار بڑھانے کے لیے تجاویز طلب کی گئیں اور آم کے باغبانوں کو درپیش چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔مشاورتی سیشن میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر ساجد الرحمان، نوید عصمت کاہلوں، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی، عبدالغفار گریوال سمیت آم کے باغبانوں، ایکسپورٹرز، ماہرین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں 3 لاکھ 80 ہزار ایکڑ رقبہ پر آم کے باغات کاشت ہیں اور برآمدی اقسام کی کاشت میں اضافہ کیلئے جدید نرسریاں رجسٹرڈ کی جائیں گی۔نرسریوں کی تیاری سے لے کر ویلیو ایڈیشن تک پیش کردہ قابلِ عمل تجاویز منصوبے کا حصہ ہوں گی۔انہوں نے مزید کہا کہ باغبانوں کی رہنمائی کیلئے تحصیل سطح پر تربیتی پروگرام شروع کیے جائیں گے جبکہ منصوبے پر عملدرآمد سے آم کی پیداوار، کوالٹی اور ایکسپورٹ میں یقینی اضافہ ہوگا۔اس کے ساتھ ساتھ باغبانوں و ماہرین کو بیرون ملک تربیت کیلئے بھیجا جائے گا، آم کی نیوٹریشن اور بیماریوں کی تشخیص کیلئے جدید لیب قائم کی جائے گی اور جدید مشینری سبسڈی پر فراہم کرنے کی تجویز بھی منصوبہ میں شامل ہے۔

☆☆☆☆